CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No.______

Daily: MASHRIQ QUETTA

Dated: 12 OCT 2024　Page No.______


# دہشتگردوں کو انڈیا سے فنڈنگ، صوبے کے حالات خراب کرنیکی کوشش کر رہے ہیں، گورنر بلوچستان

## ہر مزدور اپنے خاندان کا واحد کفیل جسے دہشتگردوں نے بیدردی سے شہید کیا جسکی جتنی مذمت کی جائے کم ہے، جعفر خان مندوخیل

## آزادی مانگنے والے کہتے تھے پنجاب سے تعلق رکھنے والے افراد کو قتل کیا جائیگا اب جن کو نشانہ بنایا گیا وہ اسی سرزمین سے ہیں، صادق عمرانی، ظہور بلیدی، بخت کاکڑ

## دہشتگردوں کیخلاف بھرپور ایکشن لیا جائیگا، راحیلہ درانی، نسیم الرحمان ملاخیل، برکت رند، ڈاکٹر ربابہ بلیدی، مینا مجید کے ہمراہ پریس کانفرنس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے دکی میں بے گناہ مزدوروں کے قتل کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ واقعہ میں ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے ہر ممکن اقدام اٹھایا جائے گا مخلوط حکومت میں اختلافات ہوتے رہتے ہیں لیکن ........ بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

موجودہ حکومت بلوچستان کی تعمیر و ترقی اور امن کی بحالی کیلئے متحد ہے وزیراعظم نے واقعہ پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دو، تین روز میں کوئٹہ کا دورہ کریں گے اور حالات کی بہتری کیلئے اہم فیصلے کیے جائیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے صوبائی وزراء میر محمد صادق عمرانی، میر ظہور احمد بلیدی، بخت محمد کاکڑ، راحیلہ حمید خان درانی، مشیر نسیم الرحمان ملاخیل، برکت رند، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی، مینا مجید، ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند کے ہمراہ جمعہ کی شام گورنر ہاؤس کوئٹہ میں مشترکہ پریس کانفرنس کے دوران کیا انہوں نے گزشتہ شب دکی میں قتل ہونے والے مزدوروں کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی اور کہا کہ دکی میں مزدوروں کا قتل دلخراش واقعہ ہے آج معصوم مزدوروں کے قتل پر بلوچستان سمیت پورا پاکستان سوگوار ہے ہر مزدور اپنے خاندان کا واحد کفیل ہوتا ہے دہشتگردوں نے خاندان کے واحد کفیل کو بیدردی سے شہید کیا جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے واقعہ میں بڑی تعداد میں انسانی جانوں کا ضیاع ہوا ہے اس افسوسناک واقعہ پر وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف نے فون کر کے دلی دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ آئندہ دو، تین روز میں کوئٹہ کا دورہ کرینگے اور وہ شہید مزدوروں کے خاندان کے دکھ میں شریک ہونگے انہوں نے کہا کہ آزادی مانگنے والے مزدوروں کو قتل کر کے کیسی آزادی حاصل کرنا چاہتے ہیں پہلے کہتے تھے کہ پنجاب سے تعلق رکھنے والے افراد کو قتل کیا جائے گا اب جن کو نشانہ بنایا ہے وہ اسی سرزمین اور دھرتی سے ہیں دہشتگردوں کیخلاف بھرپور ایکشن لیا جائے گا تاکہ بلوچستان کے امن کو یقینی بنایا جا سکے اس موقع پر صوبائی وزیر ظہور بلیدی نے کہا کہ دکی واقعہ کی شدید مذمت کرتے ہیں گزشتہ روز دہشتگردوں نے 20 مزدوروں کو بیدردی سے قتل کیا جنہوں نے مزدوروں کو قتل کیا وہ انسان کہلانے کے لائق نہیں درندے ہیں کیونکہ دہشت گردوں کا کوئی دین اور قوم نہیں وہ صرف دہشت گرد ہیں واقعہ کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے انہوں نے کہا کہ جنگ زدہ علاقے میں مزدوروں کو خصوصی رعایت حاصل ہوتی ہے اور ان کو لڑائی میں نشانہ نہیں بنایا جاتا جس طرح ہمارے صوبے میں بنایا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان میں دہشتگردی کو بھارت ہوا دے رہی ہے دہشتگردی کا کسی مذہب قوم یا انسانیت سے کوئی تعلق نہیں دہشت گردی میں ملوث لوگ صرف دہشت گرد ہیں حکومت سنجیدگی کے ساتھ ایسے عناصر کو منطقی انجام تک پہنچائے گی دہشت گردی میں ملوث عناصر اپنے بیرونی آقاؤں کو خوش کرنے کیلئے ایسے واقعات کر کے ان سے پیسہ لیتے ہیں جس طرح پنجگور، تربت، گوادر اور دیگر علاقوں میں نہتے لوگوں کو نشانہ بنا کر دہشت گردی کے واقعات کیے گئے یہ بھی اسی طرح کا واقعہ ہے ہم متاثرہ خاندانوں سے اظہار یکجہتی اور افسوس کا اظہار کرتے ہیں اور حکومت جاں بحق اور زخمی ہونے والوں کو معاوضہ ادا کرے گی تاکہ زخمیوں کا علاج یقینی بنایا جا سکے میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ پیپلز پارٹی دہشت گردوں کے خلاف جنگ میں صف اول میں رہی ہے اس لئے پارٹی کو بھی ہمیشہ نشانہ بنایا جاتا رہا ہے واقعہ کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے حکومت اپنے دستیاب وسائل بروئے کار لاتے ہوئے امن کی بحالی ممکن بنائے گی



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل صوبائی وزراء صادق عمرانی، ظہور بلیدی، بخت محمد کاکڑ، راحیلہ حمید درانی، نسیم الرحمن ملاخیل و دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل انسٹی ٹیوٹ آف آرکیٹیکس آف پاکستان کے زیر اہتمام نمائش کی تقریب کے موقع پر لگائے گئے اسٹالز کا معائنہ کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 12 OCT 2024

Page No.


دکی حملہ میں غیر ملکی ایجنسیاں ملوث

# آزادی کے متوالوں نے پنجابیوں کے بعد پشتونوں کو نشانہ بنایا، گورنر مندوخیل

[illegible] صوبائی وزراء [illegible] پریس کانفرنس

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ آزادی کے متوالے کہلانے والوں نے غریب مزدوروں کو قتل کیا، پہلے صوبے میں پنجابیوں کو قتل کیا گیا اب پشتونوں کو نشانہ بنایا گیا ہے، بلوچستان میں بھارت سمیت دیگر ممالک [illegible]

[illegible]



کوئٹہ: گورنر شیخ جعفر خان مندوخیل اور صوبائی وزراء دکی واقعہ پر پریس کانفرنس کررہے ہیں

[illegible]

Daily MASHRIQ QUETTA

روزنامہ مشرق کوئٹہ

جلد 53 — 12 اکتوبر 2024 — شمارہ 104 — قیمت 30 روپے


# بے گناہ مزدوروں کا قتل ناقابل معافی، دہشتگردوں کا ایجنڈا پاکستان کو غیر مستحکم کرنا ہے

غریب مزدوروں کو نشانہ بنایا گیا مذکورہ علاقے کو سیل کرکے دہشتگردوں کے گرد گھیرا تنگ کیا جائے سیکیورٹی فورسز کو ہدایت

دہشت گرد کسی رعایت کے مستحق نہیں ... ایک ایک بے گناہ کے قتل کا حساب لیں گے

[illegible]

[illegible]

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No.

Page No.

روزنامہ ایکسپریس

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

ہفتہ 8 ربیع الثانی، 12 اکتوبر 2024ء، صفحات 8، قیمت 40 روپے


دکی سانحے کی مذمت

## بزدل دہشت گردوں کو منطقی انجام تک پہنچائیں گے، وزیراعلیٰ

ایک مرتبہ پھر دہشت گردوں نے مزدوروں کو نشانہ بنا کر ظلم کی انتہا کر دی، ایک ایک بیگناہ کے قتل کا حساب لیں گے

**بے گناہ لوگوں کا لہو رائیگاں نہیں جائے گا، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں فتح حق کی ہوگی، میر سرفراز بگٹی**

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے دکی میں بے گناہ مزدوروں کے قتل کی مذمت کرتے ہوئے دہشت گردوں کے خلاف فوری و موثر کارروائی کا حکم دیا ہے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردوں نے ایک بار پھر غریب مزدوروں کو نشانہ (باقی صفحہ 5 نمبر 28)

بنا کر ظلم و بربریت کی انتہا کر دی ہے دہشت گردوں کا ایجنڈا پاکستان کو غیر مستحکم کرنا ہے عام غریب مزدوروں کو سافٹ ٹارگٹ سمجھ کر نشانہ بنایا جاتا ہے دہشت گرد بزدل ہیں ان کو ان کے منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا اور ایک ایک بے گناہ کے قتل کا حساب لیں گے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بے گناہوں کا لہو رائیگاں نہیں جائے گا دہشت گردوں کو ان بے گناہوں کا ناحق قتل مہنگا پڑے گا دہشت گردوں کا قلع قمع کر کے ان کے وجود سے دھرتی کو پاک کریں گے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں فتح حق کی ہوگی دہشت گردوں کو ذلت کی رسوائی پڑے گی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No.

Page No.

MEMBER APNS

بے شک اللہ تعالیٰ بہت باریک بین اور باخبر ہے (القرآن)

ABC CERTIFIED

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 28

ہفتہ 12 اکتوبر 2024ء بمطابق 08 ربیع الثانی 1446ھ قیمت 20 روپے

شمارہ 279

## وزیراعلیٰ بلوچستان کا دہشتگردوں کے خلاف فوری اور مؤثر کارروائی کا حکم

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No.________ Page No.________

www.dailyazadiquetta.com ویب سائٹ
بلوچستان کا سب سے زیادہ پڑھا جانے والا اخبار
ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

Daily AZADI Quetta
روزنامہ آزادی کوئٹہ
بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر 23 | ہفتہ 12 اکتوبر 2024ء بمطابق 08 ربیع الثانی 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 278

وزیراعلیٰ بلوچستان

# دہشت گردوں نے مزدوروں کو نشانہ بنا کر ظلم و بربریت کی انتہا کر دی، ان کا ایجنڈا پاکستان کو غیر مستحکم کرنا ہے

**دہشت گرد بزدل ہیں، عام غریب مزدوروں کو سافٹ ٹارگٹ سمجھ کر نشانہ بنایا جاتا ہے، دہشت گردوں کو ان کے منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا**

**ایک ایک بے گناہ کے قتل کا حساب لیں گے بے گناہوں کا لہو رائیگاں نہیں جائے گا دہشت گردوں کو ان بے گناہوں کا ناحق قتل لے ڈوبے گا**

**دہشت گردوں کا قلع قمع کر کے ان کے وجود سے دھرتی کو پاک کریں گے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں فتح حق کی ہوگی دہشت گردوں کو منہ کی کھانی پڑے گی**

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے دکی میں بے گناہ مزدوروں کے قتل کی مذمت کرتے ہوئے واقعہ پر شدید اظہار برہمی کا اظہار اور دہشت گردوں کے (بقیہ نمبر 9 صفحہ نمبر 2 پر)

خلاف فوری و موثر کارروائی کا حکم دے دیا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سیکورٹی اداروں کو ہدایت کی ہے کہ مذکورہ علاقے کو سیل کر کے دہشت گردوں کے گرد گھیرا تنگ کیا جائے۔ یہاں جاری کردہ ایک بیان میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردوں نے ایک بار پھر غریب مزدوروں کو نشانہ بنا کر ظلم و بربریت کی انتہا کر دی، دہشت گردوں کا ایجنڈا پاکستان کو غیر مستحکم کرنا ہے، عام غریب مزدوروں کو سافٹ ٹارگٹ سمجھ کر نشانہ بنایا جاتا ہے دہشت گرد بزدل ہیں، انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کو ان کے منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا ایک ایک بے گناہ کے قتل کا حساب لیں گے بے گناہوں کا لہو رائیگاں نہیں جائے گا دہشت گردوں کو ان بے گناہوں کا ناحق قتل لے ڈوبے گا۔

# دکی میں بے گناہ کانکنوں کا قتل وحشیانہ فعل ہے، صوبائی وزرا

# دکی حکومت اور مظاہرین کے مذاکرات کامیاب، ورثا کو فی کس 15 لاکھ ڈالر کا اعلان

شدید زخمی کو 5 اور معمولی زخمی کو 2 لاکھ روپے معاوضہ ادا کیا جائے گا، مذاکرات کی کامیابی کے بعد احتجاج ختم

## عوام کی خدمت مشکل، بندوق اٹھانا آسان ہے، جام کمال خان

## نہتے مزدوروں کو نشانہ بنانے والے انسان کہلانے کے لائق نہیں، سلیم کھوسہ

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 12 OCT 2024 Page No.


# آبپاشی کے منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے، صادق عمرانی

## درپیش مسائل پر وفاقی حکومت سے جلد بات کی جائے گی، صوبائی کوارڈینیٹر سے گفتگو

کوئٹہ (پ ر) صوبائی وزیر آبپاشی بلوچستان میر محمد صادق عمرانی نے ہدایت کی ہے کہ محکمہ آبپاشی بلوچستان کے تحت زیر تکمیل منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے اور ان منصوبوں میں کوالٹی و کوانٹٹی کو ہر قیمت پر برقرار رکھا جائے۔ اس حوالے سے کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پروانشل کوآرڈینیٹر محکمہ آبپاشی بلوچستان انجینئر سمیع اللہ بلوچ سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر کوآرڈینیٹر سمیع اللہ بلوچ نے صوبائی وزیر کو وفاق کی فنڈنگ سے زیر تعمیر منصوبہ جات پر بریفنگ دی اور مسائل سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ محکمہ آبی منصوبوں کی بروقت تکمیل اس وقت ممکن ہے جب ہم سب مل کر اپنے کام پر توجہ دیں اور اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے نبھائیں۔ اس موقع پر میر صادق عمرانی نے یقین دلایا کہ بعض درپیش مسائل پر وفاقی حکومت سے جلد بات کی جائے گی۔

# دکی واقعہ کے شدید زخمیوں کو کراچی منتقل کیا جائیگا، بخت محمد کاکڑ

## تمام اخراجات صوبائی حکومت برداشت کریگی، ٹراما سنٹر میں گفتگو، زخمیوں کی عیادت کی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی خصوصی ہدایت پر صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے دکی میں دہشت گردوں کی فائرنگ سے ہونے والے زخمیوں کی دیکھ بھال اور ان کو علاج معالجے کی سہولت فراہم کرنے کا جائزہ لینے کے لیے سول ہسپتال کوئٹہ کے ٹراما سینٹر کا دورہ کیا۔ صوبائی وزیر صحت نے زخمی مریضوں کی حالت دریافت کی اور ان کے بہتر علاج معالجے کے لیے ہسپتال انتظامیہ کو فوری اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے ایم ڈی ٹراما سینٹر ڈاکٹر ارباب کامران کو ہدایت کی کہ زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں اور علاج میں کوئی کسر نہ چھوڑی جائے۔ صوبائی وزیر صحت نے زخمیوں کے تیمارداروں سے بھی ملاقات کی اور انہیں یقین دلایا کہ صوبائی حکومت ان کے علاج و معالجے کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت کے مطابق، اگر دکی واقعہ کے کسی بھی زخمی کو مزید علاج کے لیے کراچی بھیجنے کی ضرورت پیش آتی ہے، تو صوبائی حکومت فوری طور پر مریض کو کراچی منتقل کرے گی۔ اس سلسلے میں مریض کے علاج معالجے کے تمام اخراجات صوبائی حکومت برداشت کرے گی تاکہ مریضوں اور ان کے اہل خانہ کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔


SCAN AnyScanner

حکومتی سرگرمیاں | سیاسی جماعتیں | امن وامان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ Dated: 12 OCT 2024 Page No.________

## کوئٹہ سے ریل سروس بحال، جعفر ایکسپریس 315 مسافروں کو لے کر پشاور روانہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ سے 46 روز بعد اندرون ملک ریل سروس بحال، جعفر ایکسپریس 315 مسافروں کو لیکر پشاور روانہ ہوگئی۔ 25 اور 26 اگست کی درمیانی شب کو بولان کے پہاڑی سلسلے میں دوزان کے مقام پر ریلوے پل کو دہشت گردی کے واقعے میں تباہ کردیا گیا تھا جس کے بعد کوئٹہ سے اندرون ملک ٹرین سروس مکمل طور پر بند ہوگئی تھی۔ ریلوے حکام نے پل کی مرمت کا کام مکمل کرنے کے بعد جمعہ کو جعفر ایکسپریس کو پشاور کے لئے روانہ کردیا۔ ڈی ایس ریلوے کوئٹہ ڈویژن عمران حیات نے کوئٹہ ریلوے اسٹیشن پر ٹرین کو روانہ کیا اس موقع پر صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 46 روز کے بعد کوئٹہ سے اندرون ملک ٹرین سروس بحال کردی گئی ہے، متاثرہ ریلوے پل کی مرمت و بحالی کا کام ریکارڈ مدت میں مشکل حالات میں ہوا ہے۔

## مچ جیل میں 7 سو سے زائد قیدی، 74 پھانسی کے منتظر

### 9 قیدیوں کی اپیلیں صدر کے پاس، ایک قیدی 21 سال سے کال کوٹھری میں بند

کوئٹہ (این این آئی) مچ جیل میں 74 قیدی پھانسی کے منتظر ہیں جیل میں آخری پھانسی آٹھ سال قبل دی گئی تھی مچ جیل میں ایک قیدی 21 سال سے کال کوٹھری میں بلیک وارنٹ کا انتظار کررہا ہے محکمہ جیل کے حکام کے مطابق بلوچستان کی مچ جیل میں سات سو سے زائد قیدی پابند سلاسل ہیں ان قیدیوں میں 74 قیدی جیل کے پھانسی گھاٹ پر سزائے موت کے منتظر ہیں ان میں سے نو قیدیوں کی رحم کی اپیلیں صدر مملکت کے پاس ہیں، 22 قیدیوں کی اپیلیں سپریم کورٹ میں، 38 قیدیوں کی اپیلیں بلوچستان ہائی کورٹ میں اور پانچ کی اپیلیں آرمی چیف کے پاس زیر سماعت ہیں۔ مچ جیل میں ایک قیدی داد اللہ کو 2003 میں سزائے موت سنائی گئی تھی وہ اکیس سال سے مچ جیل کی کال کوٹھری میں پھانسی کے بلیک وارنٹ کا منتظر ہے اس کی رحم کی اپیل صدر مملکت کے پاس ہے مچ جیل میں آخری پھانسی 28 جولائی 2016 کو علی گل نامی قیدی کو دی گئی تھی۔

## حتمی فیصلے تک حاجی علی مددجتک کی رکنیت بحال

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے حاجی علی مددجتک کی رکن صوبائی اسمبلی کی حیثیت بحال کردی۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان کے نوٹیفکیشن کے مطابق سپریم کورٹ آف پاکستان کے آرڈر کے تحت حلقہ پی بی 45 کوئٹہ VIII کے 15 پولنگ اسٹیشنز پر دوبارہ انتخابات کا نوٹیفکیشن منسوخ کرتے ہوئے حاجی میر علی مددجتک کو ڈی نوٹیفائی کیے جانے کا نوٹیفکیشن بھی منسوخ کردیا گیا اور ان کی رکنیت حتمی فیصلے تک بحال کردی ہے۔

## میٹروپولیٹن کارپوریشن کی گاڑیاں سال میں 70 کروڑ کا فیول پھونکنے لگیں

### 1500 ڈیلی ویجز ملازمین میں اکثر غیر حاضر، کیو ایم سی اسکول میں کوئی بچہ زیر تعلیم نہیں

کوئٹہ (این این آئی) میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ میں بڑے پیمانے پر بدانتظامی سامنے آگئی بلوچستان کے محکمہ اینٹی کرپشن نے میٹروپولیٹن کارپوریشن میں بے قاعدگیوں کی تحقیقات مکمل کرکے رپورٹ وزیراعلیٰ بلوچستان کو ارسال کردی۔ ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن بلوچستان عبدالواحد کاکڑ کے مطابق وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے میٹروپولیٹن کارپوریشن میں فیول کی سالانہ 70 کروڑ روپے کی خریداری سمیت مختلف بے قاعدگیوں کی تحقیقات کا حکم دیا تھا محکمہ اینٹی کرپشن کی تحقیقات میں میٹروپولیٹن کارپوریشن میں بڑے پیمانے پر بدانتظامی سامنے آئی میٹروپولیٹن کارپوریشن میں صفائی کی مد میں پندرہ سو ڈیلی ویجز ملازمین بھرتی کیے گئے تھے جن میں بیشتر خدمات انجام نہیں دیتے تھے۔ میٹروپولیٹن کارپوریشن نے اپنے ملازمین کے بچوں کیلئے ایک اسکول قائم کیا لیکن اس اسکول میں کیو ایم سی کے ملازمین کے بچے زیر تعلیم ہی نہیں تھے جبکہ عمارت کا کرایہ کیو ایم سی ادا کررہا ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## ڈھاڈر میں سی ٹی ڈی کی کارروائی، 3 دہشتگرد ہلاک، اسلحہ وگولہ بارود برآمد

سی ٹی ڈی نے دوپاسی پل کے قریب دہشتگردوں کی موجودگی پر کارروائی کی جنہوں نے سیکورٹی فورسز پر فائرنگ شروع کردی، ایس ایس پی کچھی

دہشتگردوں سے 7 کلو دھماکہ خیز مواد، 1 موٹر سائیکل، 2 نائن ایم ایم پسٹل بمعہ راؤنڈز برآمد کرلئے گئے، کیپٹن (ر) دوست محمد بگٹی

بولان (این این آئی + آن لائن) بلوچستان کے ضلع کچھی کے علاقے ڈھاڈر میں سی ٹی ڈی کی کارروائی فائرنگ کے تبادلے میں تین مبینہ دہشتگرد ہلاک، اسلحہ و گولہ بارود برآمد کرلیا گیا ایس ایس پی کچھی کیپٹن (ر)........ بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

دوست محمد بگٹی کے مطابق جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب سی ٹی ڈی نے ڈھاڈر کے علاقے دوپاسی پل کے قریب دہشتگردوں کی موجودگی پر کارروائی کا آغاز کیا تو دہشتگردوں نے سیکورٹی فورسز پر فائرنگ شروع کردی فورسز کی جوابی فائرنگ میں تین مبینہ دہشتگرد ہلاک ہوگئے جن کے قبضے سے 7 کلو دھماکہ خیز مواد، ایک موٹر سائیکل، 2 نائن ایم ایم پسٹل بمعہ راؤنڈز برآمد کرلئے گئے ایس ایس پی کے مطابق ہلاک ہونے والے دہشتگرد دھات لگا کر دہشت گردی کا منصوبہ بنا رہے تھے انہوں نے بتایا کہ ہلاک دہشتگردوں کی لاشیں شناخت کیلئے ہسپتال منتقل کردی گئی جبکہ نامعلوم دہشتگردوں کی شناخت کیلئے فنگر پرنٹ متعلقہ اداروں کو بھجوائے جائیں گے۔

## بزدلانہ کارروائیوں سے آزادی حاصل نہیں کی جاسکتی، خالق اچکزئی

### مزدوروں کا قتل گھناؤنا فعل، حکومت مزدوروں کے حقوق کے تحفظ میں کوئی کسر نہیں چھوڑے گی

سوگوار خاندانوں کے ساتھ ہیں، انتہاپسندوں کیخلاف کارروائیاں جاری رہیں گی، اسپیکر بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی نے بے گناہ پشتون مزدوروں کے دہشتناک قتل کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے گھناؤنا اور غیر انسانی فعل قرار دیا ہے نہتے پشتونوں کو جس بے دردی سے نام نہاد آزادی پسندوں نے........ بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

قتل کیا اسکی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ یہ بیہودہ تشدد انسانی زندگی، سماجی انصاف اور بنیادی انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے۔ اس طرح کی بزدلانہ کارروائیوں سے آزادی حاصل نہیں کی جاسکتی۔ پاکستان انتہا پسندی کے خلاف اپنی مزاحمت جاری رکھے گا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.________

Dated: 12 OCT 2024 Page No.________

## آئینی ترامیم کیلئے غیر آئینی اقدامات کیے جا رہے ہیں، اختر مینگل

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

## مزدوروں کی فائرنگ سے ہلاکت انسانیت سوز واقعہ ہے، نیشنل پارٹی

بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

## مزدوروں کے قتل میں ملوث عناصر کو بے نقاب کیا جائے، این پی

بقیہ 79 صفحہ نمبر 7 پر

## دکی قتل عام انسانیت سوز واقعہ ہے، بشیر مولانا واسع

بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

## مزدوروں کا قتل درندگی، ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے، جمعیت نظریاتی

سازشی عناصر ملک کو عدم استحکام سے دوچار، تعصب، منافرتوں کی سازشوں میں مصروف ہیں، مولانا عبدالقادر لونی، مفتی شفیع الدین

بقیہ 82 صفحہ نمبر 7 پر

## دکی واقعہ انتظامیہ کی ناکامی کا منہ بولتا ثبوت، وکلاء تنظیمیں

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 12 OCT 2024 Page No.

## آواران: فائرنگ سے لیویز اہلکار شہید، دو افراد کی لاشیں برآمد

**نور بخش کیشکور رزنگ عیسیٰ بازار میں پیدل جا رہا تھا، لاشیں پیرانڈر سے ملیں**

کوئٹہ آواران (اسٹاف رپورٹر/نامہ نگار) آواران میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے لیویز اہلکار شہید ہوگیا جبکہ پیرانڈر سے دو افراد کی لاشیں برآمد ہوئی۔ پولیس کے مطابق آواران کے علاقے کیشکور رزنگ عیسیٰ بازار کا رہائشی لیویز اہلکار نور بخش ولد عبدالحق گزشتہ روز پیدل گھر جا رہا تھا کہ نامعلوم موٹر سائیکل سوار اس پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہوگئے فائرنگ کے نتیجے میں وہ موقع پر شہید ہوگیا۔ اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش ڈی ایچ کیو ہسپتال پہنچائی جو ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی جبکہ لیویز کے مطابق آواران کے پی ایریا سے لیویز دو افراد کی لاشیں ملیں جنہیں تحویل میں لے کر ہسپتال آواران منتقل کر دیا گیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاشیں شناخت کے لئے مردہ خانے میں رکھ دی گئیں۔

## قلعہ عبداللہ، بیٹے کی فائرنگ سے باپ اور بھابھی ہلاک

**دو بھائی زخمی، پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے عرفان اللہ کو گرفتار کرلیا**

قلعہ عبداللہ (نامہ نگار) تحصیل گلستان کلی عبدالرحمن زئی میں گھریلو رنجش پر بیٹے کی فائرنگ سے باپ سمیت دو افراد ہلاک ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق تحصیل گلستان کلی عبدالرحمن زئی میں گھریلو رنجش پر بیٹے نے فائرنگ کر کے اپنے باپ اور بھابھی کو ہلاک کردیا جبکہ دو بھائی احمد خان اور محمود احمد زخمی ہوگئے۔ تھانہ عبدالرحمن زئی کے انچارج سعداللہ اور دفعدار نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے قاتل سید عرفان اللہ کو گرفتار کرلیا جبکہ زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر کے لاشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئیں۔

## سرانان کے قریب گھی سے لدا ٹرک چھین لیا گیا

قلعہ عبداللہ (نامہ نگار) کوئٹہ چمن بین الاقوامی شاہراہ سرانان کے مقام پر جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب 2 بجے کے قریب نامعلوم افراد نے اسلحہ کے زور پر گھی سے لدی ٹرک چھین لی اور ڈرائیور کو سیکی کے مقام پر چھوڑ کر فرار ہوگئے ڈرائیور نے صحافیوں کو بتایا کہ ٹرک میں 50 لاکھ روپے مالیت کا گھی تھا تاہم ملزمان کی شناخت کمپنی اور گھی مالکان کو کردی ہے۔

SCAN AnyScanner

## کوہلو رکنی قومی شاہراہ کا تعمیراتی منصوبہ التواء کا شکار، شہریوں کو مشکلات

وفاقی حکومت کے تعاون سے سڑک کو گزشتہ سال جون میں مکمل ہونا تھا لیکن منصوبہ رواں سال بھی مکمل نہ ہو سکا

شاہراہ کی عدم تکمیل سے کوہلو بارکھان دکی اور ڈیرہ بگٹی کے اضلاع کے لاکھوں نفوس سفری سہولیات سے محروم ہیں

کوہلو (نمائندہ مشرق) کوہلو رکنی قومی شاہراہ تعمیراتی منصوبہ التواء کا شکار، گزشتہ سال جون تک مکمل ہونے والا تعمیراتی منصوبہ رواں سال بھی مکمل نہ ہو سکا۔ کوہلو بارکھان ڈیرہ بگٹی دکی سمیت دیگر اضلاع کے شہریوں کو سفری سہولیات میں مشکلات کا سامنا ہے۔ رپورٹ کے مطابق بلوچستان کے شمال مشرقی اضلاع کو اندرون بلوچستان اور بین الصوبائی شاہراہ سے ملانے والی کوہلو رکنی شاہراہ کا تعمیراتی منصوبہ سست روی کا شکار ہے وفاقی حکومت کے تعاون سے سڑک کو گزشتہ سال جون میں مکمل ہونا تھا مگر منصوبہ التواء کا شکار ہے اور رواں سال بھی مکمل نہ ہو سکا جس سے عوام شدید بے چینی اور اضطراب کا شکار ہیں۔ کوہلو شہر تا تنگ ندی اور رکنی شہر سے عیشانی تک سڑک پر تعمیراتی کام شروع ہی نہیں ہو سکا جس سے منصوبہ کی بروقت اور معیاری تکمیل کے دعووں کی نفی ہو رہی ہے۔ شاہراہ کی عدم تکمیل سے کوہلو بارکھان دکی اور ڈیرہ بگٹی کے اضلاع کے لاکھوں نفوس آسان سفری سہولیات سے محروم ہیں جبکہ مال بردار گاڑیاں بھی شاہراہ کی عدم تعمیر کے باعث سفر سے گریزاں ہیں جس سے کاروبار بھی شدید متاثر ہو رہا ہے۔

## جان لیوا مہنگائی کو موجودہ حکومت بھی کنٹرول نہ کر سکی

پٹرول ڈیزل کی قیمتوں میں کمی کے باوجود عوام ثمرات سے محروم

بھاگ (نامہ نگار) جان لیوا مہنگائی کو موجودہ حکومت بھی کنٹرول نہ کر سکی عوام مزید پریشان پٹرول ڈیزل کی قیمتوں میں کمی کے باوجود عوام کمی کے ثمرات سے محروم کھانے پینے کی اشیاء پبلک ٹرانسپورٹ کرایوں میں اضافے کا رجحان برقرار حکومتی دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے تفصیلات کے مطابق ملک بھر میں حکومت کی جانب پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں چوتھی مرتبہ کمی کی گئی لیکن اس کے ثمرات عوام تک نہ پہنچ سکے بھاگ شہر میں بناسپتی گھی میں 50 سے 60 روپے کا اضافہ ہوا ہے جبکہ ٹریکٹر ہل فی گھنٹہ 22 سو روپے تک پہنچ گیا ہے جس سے کسان کاشتکار شدید مہنگائی سے پریشان ہیں اور اپنی گھریلو اشیاء اور جمع پونجی اونے پونے بیچ کر زمین پر ہل چلا رہے ہیں مہنگائی نے عوام کا کچومر نکال دیا انتظامیہ اور RT مہنگائی مافیا کے سامنے بے بس ہے عوام مزید پریشان دکھائی دیتے نظر آتے ہیں جہاں جاؤ لوٹ مار کا بازار گرم ہے مہنگائی رکنے کا نام نہیں لے رہی حکومتی دعوے کہیں عمل کراتے نظر نہیں آتے ٹرانسپورٹ مالکان کرایوں میں کمی نہ کر کے یہ ثابت کیا ہے کہ وہ ایک مضبوط مافیا کے طور پر عوام کے اندر پنجے گاڑھے ہوئے ہیں

JANG QUETTA

## قلات، بروقت ایمبولینس نہ ملنے پر حاملہ خاتون جاں بحق

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) قلات کے علاقے گزگ میں بروقت ایمبولینس نہ ملنے پر حاملہ خاتون جاں بحق ہو گئی، صوبائی وزیر صحت نے ایمبولینس ڈرائیور کو معطل کر دیا۔ گزشتہ روز گزگ میں بروقت ایمبولینس نہ ملنے پر حاملہ خاتون اسپتال پہنچنے سے پہلے ہی راستے میں دم توڑ گئی، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے ڈرائیور محمد یوسف کو معطل کر کے ڈسٹرکٹ ہیلتھ افسر کو واقعہ سے متعلق مزید تحقیقات کر کے اصل محرکات سامنے لانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ دور دراز علاقوں میں طبی سہولیات کی فراہمی میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی۔

INTEKHAB QUETTA

## بگٹی قبیلے کے افراد کچے کے ڈاکوؤں کے ہاتھوں اغوا، حب میں سڑکوں پر احتجاج

چند روز قبل کراچی سے ڈیرہ بگٹی جاتے ہوئے بگٹی قبائل کے افراد کو سندھ کے علاقے غوث پور سے ڈاکو اغواء کر کے لے گئے، تاحال بازیاب نہ ہو سکے

سندھ کی شاہراہیں نوگو ایریا بن چکی ہیں، ڈاکو مسافروں کو اغواء کر کے لے جاتے ہیں، بازیابی کیلئے بھرپور احتجاج کرینگے، مظاہرین

حب (نمائندہ انتخاب) سندھ کے علاقے غوث پور کے ایریا میں بگٹی قبیلے سے تعلق رکھنے والے افراد کچے کے ڈاکوؤں کے ہاتھوں اغواء کے خلاف حب میں مقیم بگٹی قبیلے کے افراد سڑکوں پر نکل آئے، بگٹی قبیلے کے لوگوں کے اغواء کے خلاف لسبیلہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ، مظاہرین نے اپنے ہاتھوں میں پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر سندھ کے کچے کے ڈاکوؤں سے بگٹی قبیلے کے افراد کو بازیاب کرانے کے مطالبات درج تھے مظاہرین نے سندھ میں ڈاکو راج اور کچے کے ڈاکوؤں کو ختم کرنے کے نعرے بازی کی اس موقع پر مظاہرین سے بگٹی قبیلے کے رہنما خلیفہ بگٹی، الٰہی بخش بگٹی و دیگر نے خطاب [illegible]

کرتے ہوئے کہا کہ چند روز قبل کراچی سے ڈیرہ بگٹی جاتے ہوئے بگٹی قبیلے کے افراد کو سندھ کے علاقے غوث پور ایریا میں سندھ کچے کے ڈاکو اغواء کر کے لے گئے تاحال وہ بازیاب نہ ہو سکے کچے کے ڈاکوؤں کے قبضے میں ہیں سندھ کی شاہراہ نوگو ایریاز میں تبدیل ہو چکے ہیں کچے کے ڈاکو مسافروں کو اغواء کر کے لے جاتے ہیں اور گزشتہ دنوں سندھ کچے کے ڈاکوؤں نے بگٹی قبیلے کے افراد کو بھی اغواء کر کے اپنے ہمراہ لے گئے انہوں نے کہا کہ ہم اپنے بگٹی قبیلے کے افراد کے اغواء کے خلاف ہر فورم پر آواز بلند کرتے رہیں گے اگر انہیں رہا نہیں کیا گیا تو سندھ و بلوچستان کی شاہراہ احتجاجاً بلاک کر دینگے اور سندھ موٹر وے پر بھی دھرنا دینگے انہوں نے کہا کہ سندھ شاہراہ پر ڈاکو راج ہے کسی کی جان و مال محفوظ نہیں مسافروں سمیت شہری بھی عدم تحفظ کا شکار ہیں اس سے قبل بھی بگٹی قبیلے کے افراد کو سندھ کچے کے ڈاکو اغواء کر کے لے گئے تھے جس کے بعد ملک بھر سے بگٹی قبیلے کے لوگ سڑکوں پر نکل آئے اور کچے کا رخ کر لیا اور ڈاکوؤں سے مقابلہ بھی کیا گیا انہوں نے کہا کہ کچے کے ڈاکو بے لگام ہو چکے ہیں لوگوں کو اغواء کر کے بھاری رقم تاوان کیلئے طلب کرتے ہیں اگر مغوی کے لوگ انہیں تاوان کی رقم ادا کرتے ہیں تو انہیں چھوڑ دیا جاتا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________

Dated: 12 OCT 2024 Page No.________

## بلوچستان: پھر دہشت گردی

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ دہشت گردی کی وارداتیں ایک بار پھر ماضی کی طرح ایسا رخ اختیار کر رہی ہیں جس میں مختلف شعبوں اور پیشوں کے لوگوں کی ہراسانی کا پہلو مضمر ہے۔ عام غریب مزدوروں کو سافٹ ٹارگٹ سمجھ کر نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ اس کی تازہ مثال بلوچستان کے علاقے دکی میں کوئلے کی کانوں پر مسلح افراد کا راکٹوں، دستی بموں اور دیگر بھاری ہتھیاروں سے حملہ ہے جس میں کم از کم 20 کان کن جاں بحق اور 7 زخمی ہوئے۔ حملہ آوروں نے 10 کانوں کی مشینری بھی نذر آتش کر دی۔ جاں بحق ہونے والے کارکنوں کا تعلق قلعہ سیف اللہ، پشین، ژوب، کچلاک، موسیٰ خیل اور افغانستان سے ہے۔ پولیس کے مطابق مسلح افراد نے مزدوروں کو ٹولیوں کی شکل میں یکجا کر کے فائرنگ کی۔ اس حملے کی ذمہ داری تاحال کسی نے قبول نہیں کی تاہم ماضی میں اس نوعیت کے حملوں کی ذمہ داری کالعدم عسکریت پسند تنظیم بلوچ لبریشن آرمی (بی ایل اے) قبول کرتی رہی ہے۔ اس واقعہ کے خلاف احتجاجاً شہر کے تمام کاروباری مراکز بند رہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے دہشت گردوں کے خلاف فوری اور موثر کارروائی کا حکم دیا ہے۔ رواں برس بلوچستان کے مختلف علاقوں میں مزدوروں پر حملوں کے متعدد واقعات پیش آ چکے ہیں جن میں زیادہ تر پنجاب سے تعلق رکھنے والے مزدوروں کو نشانہ بنایا گیا۔ دکی صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سے تقریباً 300 کلومیٹر کے فاصلے پر شمال مشرق میں واقع ہے یہاں کوئلے کے ذخائر ہیں جن میں بڑی تعداد میں مزدور کام کرتے ہیں۔ دکی اور اس کے نواحی علاقوں میں پہلے بھی کوئلے کی کانوں، کوئلہ لے جانے والے ٹرکوں کے علاوہ مزدوروں کے اغوا اور سیکورٹی فورسز پر حملوں کے واقعات رونما ہوتے رہے ہیں۔ دہشت گردوں نے بیگناہ مزدوروں کو نشانہ بنا کر ظلم کی انتہا کر دی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ دہشت گردوں کا ایجنڈا پاکستان کو غیر مستحکم کرنا ہے۔ وہ کسی رو رعایت کے مستحق نہیں۔ انہیں سخت شکنجے میں لانا ہوگا۔

AnyScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 12 OCT 2024 Page No.



کوئٹہ، چیف سیکرٹری شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

INTEKHAB QUETTA



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

AnyScanner



کوئٹہ: پارلیمانی سیکرٹری میر لیاقت لہڑی سے معتبرین کا وفد ملاقات کر رہا ہے



کوئٹہ: صوبائی وزیر صادق عمرانی کے ہمراہ انجینئر سمیع بلوچ اور انجینئر فرید پندرانی کا گروپ

MASHRIQ QUETTA



صوبائی وزیر پی ایچ ای سردار عبدالرحمن کھیتران سے بارکھان کا وفد ملاقات کر رہا ہے

AnyScanner